TENDER NOTICE Recall 2022-23

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظـــامت خـــوراک
ڈی -151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی
☆☆☆☆

## شارٹ ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی جانب سے مالی سال 24-2023' کے لئے سالانہ ڈھلائی غلہ ٹھیکہ جات مورخہ 3 اکتوبر 2023ء کو ٹینڈرز طلب کئے گئے، طلبیدہ ٹینڈرز میں جن مقامات کے ٹھیکہ جات حتمی طور پر یکسو نہیں ہو سکے تھے، ان کے لئے دوبارہ ٹینڈرز طلب کرتے ہوئے بذیل اسٹیشن ھاء پر اجناس کی ڈھلائی کیلئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 24-2023ء کے لئے تجدید کروائی ہے، سے مطبوعہ فارموں پر انراخ مطلوب ہیں:۔

| نمبر شمار | از<br>مقـــام | تا<br>مقــــامات |
|---|---|---|
| 1 | ملتان/لودھران | پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال |
| 2 | خانپور | پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال |
| 3 | بیس گودام اسلام آباد | گیلانی فلور ملز کوہالہ |
| 4 | بیس گودام میر پور | صدیقی فلور ملز جاتلاں ( بوقت ضرورت )، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال ( بوقت ضرورت )، اتفاق فلور ملز سہنسہ (بوقت ضرورت) |
| 5 | پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال | ڈونگی |
| 6 | صدیقی فلور ملز جاتلاں | سیری، کھوئی رٹہ، پاک کشمیر فلور ملز ڈڈیال (بوقت ضرورت) |
| 7 | گیلانی فلور ملز کوہالہ | نیلم فلور ملز مظفر آباد (بوقت ضرورت) |
| 8 | ڈوبکیلر | ہلاں |

متذکرہ بالا مقامات کے لئے مقررہ زر بیعانہ 2% ( مبلغ 1.828 ملین روپے ) بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نظامت خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈر سر بمہر لفافہ میں مورخہ 21 اکتوبر 2023ء بوقت 30-11 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈرز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 00-12 بجے دن کھولے جائینگے۔ جملہ مقامات کے لیے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔ کامیاب ٹینڈرز دہندگان کو ٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور کارگزاری ضمانت (Performance Guarantee) تحت مروجہ ہدایات جمع کروانی ہوگی۔

### شـــرائط:

1۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات میں شمارا نمبر 1 تا 3 کیلئے صرف **"اے کلاس"** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔ اس سلسلہ میں مفصل کوائف ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کئے جاسکتے ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2۔ پاسکو زون ہا میں شامل سینٹرز کی تفصیل نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہے' تاہم پاسکو کی جانب سے زون کے اندر نیا سینٹر بھی الاٹ کیا جاسکتا ہے۔ ان میں سے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی اُس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

3۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے گا۔ جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ جات کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2024ء تک ہوگی۔ تاہم ان ٹھیکہ جات میں توسیع نئے ٹھیکہ جات کے حتمی ہونے تک کی جاسکتی ہے۔ جس کے لئے ٹھیکیدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

6- ٹھیکیدار کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔ اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7- کامیاب ٹینڈر دہندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی.

8- دوران مالی سال حکومتی فیصلہ کے مطابق ڈیزل/ پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اضافہ/کمی کا حکومتی پالیسی کے مطابق جاری شدہ نوٹیفکیشن ٹھیکیدارن کو منظور شدہ ڈھلائی انراخ میں اضافہ/کمی کا مفاد دیا جائیگا۔

9- کامیاب ٹینڈر دہندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور کارگزاری زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔ کارگزاری زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہوگی۔

10- افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

11- ہائی ویز اتھارٹیز و دیگر حکومتی اداروں کی جانب سے نافذ کردہ قوانین کی مکمل پاسداری کامیاب ٹینڈر دہندگان کی ذمہ داری ہوگی۔ ایکسل وائز لوڈ پر پابندی پر عمل درآمد ہونے یا نہ ہونے، ہر دو صورتوں میں ٹھیکیداران کو غلہ کی ڈھلائی مکمل کرنا ہوگی۔ اس لئے ٹینڈر دہندگان کو دونوں صورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انراخ پیش کرنا ہوں گے۔

12- کامیاب ٹینڈر دہندگان کو ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز (جی ایس ٹی 15%، انکم ٹیکس 4%، تجوید القرآن ٹرسٹ -/5 روپے فی ہزار روپے، ایجوکیشن سیس انکم ٹیکس کا 10%، کے ایل سی -/1 روپیہ فی -/1000 روپے اور سٹیمپ ڈیوٹی 0.25% فی -/100 روپے) وضعگی کے بعد عمل میں لائی اجائے گی۔

نوٹ: **یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ** آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

امجد علی مغل (AJ&KAS)
ڈائریکٹر خوراک

فون نمبر 051-9290625

Scanned with CamScanner